سوال

(160)نذر کے طور پر جانور ذبح کرنا اور کھانا کیسا ہے ؟

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ہندہ نے نذرمانی کہ میرا بیمار لڑکا سفر سے صحیح سالم واپس آجائے گا۔ توایک گائے قربانی دوں گی۔ بفضل خدالڑکا تندرست گھر آگیا۔ ہندہ نے منت کی گائے زبح کرکے تمام مصلیان مسجدامیر غریب کوگوشت تقسیم کردیا۔ اب سوال یہ کہ اس کا کھانا کن کو حلال ہے اور کن کو حرام ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نذر کرنے والے کی نیت پر موقوف ہے۔ اس کی نیت اگر محض فقراء اور مساکین کو کھلانا تھا۔ توغیر فقیر نہ کھایئں۔ اگر یہ شرط اس نیت میں نہیں توسب کھاسکتے ہیں۔ انما الاعمال بالنیات

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص133

محدث فتویٰ